MISHAL مشعل

For Immediate Release

Date: 26 March 2014
Ref.No. MP/ILM/-26032014
Media Contact: Ghulam Mehdi
Contact No. +92-322-5000934
Email: media@mishal.com.pk
Website: www.mishal.com.pk
Twitter: @MishalPakistan

علم و آگاھی ILM-O-AGAHI

پریس ریلیز

ڈیرہ اسماعیل خان کی کشیدہ صورتحال آزادیِ صحافت پر بھی اثر انداز ہو رہی ہے

ملک میں تعلیمی اصلاحات کے لئے حکومت، تعلیمی اداروں، سماجی تنظیموں اور میڈیا کو مل کر کام کرنا چاہیے۔علم و آگاہی ورکشاپ

پشاور (26 مارچ 2014) تعلیم ملک بھر میں سے دہشت گردی کے خاتمے کی کنجی ہے اور پورے پاکستان کا مستقبل تعلیمی اصلاحات پر منحصر ہے ہمیں اپنے تعلیمی نظام کو بہتر بنانے کے لئے موثر اقدام کرنے کی ضرورت ہے اور یہ صرف اسی وقت ممکن ہے جب حکومت تعلیمی ادارے، سماجی تنظیمیں اور میڈیا تعلیم کو اپنی ترجیحات میں شامل کریں گے۔ ڈیرہ اسماعیل خان کے صحافیوں کے لئے منعقد ہونیوالے علم و آگاہی تعلیمی صحافت کی ورکشاپ میں تمام شرکا کا ان نقاط پر اتفاق رائے کا اظہار کیا۔

ایک روزہ ورکشاپ کا انعقاد مشعل پاکستان نے علم آئیڈیاز (3 سالہ برطانوی ترقیاتی ادارہ کے پروگرام) کے تحت کیا تھا جس میں ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقے کے 30 سے زیادہ صحافیوں نے شرکت کی۔

نیشنل یونیورسٹی آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے شعبہ میڈیا سائنسز کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر ظفر اقبال نے کہا کہ علاقے میں پائی جانے والی دہشت گردی اور کشیدگی کو رپورٹ کرنا بھی ضروری ہے لیکن دہشت گردی اور کشیدگی کے خاتمہ کے لئے تعلیم نہایت اہمیت کی حامل ہے اور صحافیوں پر یہ ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنے علاقے میں پائے جانے والے تعلیم کے مسائل کو اجاگر کریں۔

علم و آگاہی کے پروگرام مینیجر آصف فاروقی نے اس پروگرام کی نمایاں خصوصیات بتاتے ہوئے کہا کہ تعلیم کے شعبے سے وابستہ صحافیوں کے لیے لرننگ پلیٹ فارم کے طور پر ایک آن لائن ویب سائٹ بنائی جا رہی ہے۔جس میں تعلیم کے مسائل پر موجود مواد کو صحافی حوالے کے طور پر استعمال کر سکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ پاکستان میں تعلیمی صحافت کو فروغ دینے کے لیے مشعل 2014 کے سالانہ آگاہی ایوارڈ میں تعلیم کے موضوع پر مختلف کیٹیگریز متعارف کروا رہی ہے۔

اثر پاکستان کے نمائندے ہارون الرشید نے ڈیرہ اسماعیل خان کے حوالے سے اثر پاکستان کے قومی تعلیمی سروے کے اعداد و شمار بتاتے ہوئے کہا کہ سکول میں داخلہ کی شرح کی مطابق ڈیرہ اسماعیل خان کی صورتحال بدترین ہے۔ڈیرہ اسماعیل خان میں یہ شرح 87.3 فیصد ہے اور 12.7 فیصد بچے سکولوں سے باہر ہیں جبکہ بچوں اور بچیوں کے درمیان صنفی امتیاز کی شرح ڈیرہ اسماعیل خان کے پرائیویٹ سکولوں میں بالترتیب 59 فیصد اور 41 فیصد اور سرکاری سکولوں میں یہ شرح بالترتیب 70 فیصد اور 30 فیصد ہے جو کہ تسلی بخش نہیں ہے۔

علم و آگاہی اقدام کے ذریعے پورے پاکستان کے مختلف شہروں میں تعلیمی صحافت پر ورکشاپس کا انعقاد کیا جائے گا ان ورکشاپس کا مقصد صحافیوں کی استعداد کار کو بہتر بنا کر تعلیم کے مسائل کو میڈیا میں اجاگر کرنا ہے ہر علاقے سے 30 صحافیوں کو ایک ورکشاپ کے لیے منتخب کیا جائے گا تا کہ تعلیم کے شعبے کے اہم مسائل کی نشاندہی کر کے ان مسائل کی تفہیم کو بہتر بنایا جائے اور ان مسائل پر رپورٹنگ کرتے وقت کمیونٹی کے نقطہ نظر اور دیگر عوامل کو بھی مدِنظر رکھا جائے۔

مشعل پاکستان بین الاقوامی میڈیا کی اخلاقیات کے لیے مرکز اور عالمی مسابقتی اور بنچ مارکنگ نیٹ ورک کا پارٹنر ادارہ ہے، مشعل بنیادی صحت اور تعلیم سمیت پاکستان کو درپیش مسابقتی چیلنجز کی شناخت کرنے میں فورم کی معاونت کرتا ہے۔

Mishal Pvt. Ltd.
250-B, Northern Service Road
Sector E-11/3, Islamabad
Tel: +92 51 8439251
Fax: +92 51 2228559
Email: info@mishal.com.pk
www.mishal.com.pk